SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 1972

SINDH ACT NO. V OF 1972

سندھ صوبائی اسمبلی (تنخواہ مراعات برائے ارکان) ایکٹ مجریہ 1972

THE SINDH PROVINCIAL ASSEMBLY (SALARIES, ALLOWANCES OF MEMBERS) ACT, 1972

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short Title, Extent and Commencement
2. تعریف
Definitions
3. تنخواہ اور مراعات
Salary and Allowances
4. تنخواہ کی ناقابل ادائیگی
When salary not payable
5. سفری اخراجات
Travelling Allowance and Mileage Allowance
6. ریلوے کے ذریعے مفت نقل و حرکت
Free Transit by Railway
7. علاج معالجے کی سہولت
Medical Facilities
8. یکمشت تنخواہ
Consolidated salary

سندھ ایکٹ نمبر V مجریہ 1972
SINDH ACT NO. V OF 1972
سندھ صوبائی اسمبلی (تنخواہ مراعات برائے ارکان) ایکٹ مجریہ 1972
THE SINDH PROVINCIAL ASSEMBLY (SALARIES, ALLOWANCES OF MEMBERS) ACT, 1972

[18 جولائی 1972]

سندھ صوبائی اسیمبلی کے میمبران کو تنخواہیں اور الائونسز میسر کرنے کا ایکٹ

تمہید (Preamble)

جیسا کہ عبوری آئین اسلامی جمہوریہ پاکستان کے آرٹیکل 119 کے تحت تمام صوبائی اسمبلیوں کو اراکین کی تنخواہوں اور مراعات کو ایکٹ کے ذریعے واضح کیا جانا ہیں۔

اور جیسا کہ یہ ضروری سمجھا گیا ہے کہ سندھ صوبائی اسمبلی کے ارکان کی تنخواہوں اور مراعات کو واضح کیا جائے۔

جس کو مندرجہ ذیل طریقے سے بنایا جا رہا ہے۔

مختصر عنوان اور شروعات
Short Title, Extent and Commencement

1. (1) اس ایکٹ کو سندھ صوبائی اسمبلی (تنخواہوں اور مراعات) ایکٹ 1972کہا جائیگا۔

(2) اس ایکٹ کو 21 اپریل 1972 سے نافذ العمل سمجھا جائے گا۔

تعریف
Definitions

2. اگر اس ایکٹ کے سیاق و سباق سے کچھ نہ الگ ہو تو:-

(a) ''اسمبلی'' سے مراد سندھ صوبائی اسمبلی ہوگی۔

(b) ''کمیٹی'' سے مراد صوبائی اسمبلی سے مقرر کردہ وہ کمیٹی جس، میں اسٹینڈنگ کمیٹی اور سلیکٹ کمیٹی بھی شامل ہوگی۔

(c) ''حکومت'' سے مراد حکومت سندھ۔

(d) ''رکن'' سے مراد اراکین، علاوہ گورنر، منسٹر، اسپیکر یا ڈپٹی اسپیکر کی طور پر مقرر کئے گئے ہیں ۔

(e) ''اجلاس'' سے مراد اسمبلی کا اجلاس۔

(f) ''فرائض سرانجام دینے کے دوران رہائش کا عرصہ'' سے مراد وہ عرصہ جس میں کوئی رکن

اسمبلی کے اجلاس کے دوران اجلاس رہائش پذیر ہوگا، یا کمیٹی کے اجلاس میں شامل ہوگا یا ہر اس کام جو کہ رکن اسمبلی کو کرنا مقصود ہو۔ بشمول

(i) اسمبلی کے اجلاس شروع ہونے سے ۳ دن پہلے اور ختم ہونے کے ۳ دن بعد رہا جائے۔

اور

(ii) کمیٹی کے اجلاس شروع ہونے سے ۲ دن پہلے اور ختم ہونے کے ۲ دن بعد رہا جائے۔

تنخواہ اور مراعات
Salary and Allowances

وضاحت: اس صورت میں اگر کوئی رکن اسمبلی، اس جگہ پر رہائش پذیر ہو جس میں اسمبلی یا کمیٹی نے اجلاس رکھا ہو اور اس کام میں شریک ہو جو اسمبلی یا کمیٹی سرانجام دے رہی ہو تو اس کے رہائش کا عرصہ اجلاس یا کاروائی میں صرف ہونے والا پورا عرصہ ہوگا۔ اور اگر اسمبلی کا اجلاس 10 یوم کے لئے موخر ہوگا تو اجلاس کے صورت میں ۳ دن اور میٹنگ کی صورت میں ۲ دن بعد میں شامل نہیں ہونگے۔

(g) ''قواعد کا طریقہ کار'' سے مراد ایسے قواعد و ضوابط جو اسمبلی کے کام اور انتظام کے لئے ہوں ۔

تنخواہ کی ناقابل ادائیگی
When salary not payable

(h) ''سیکریٹری'' سے مراد اسمبلی سیکریٹری ہے۔

(i) ''اسپیکر'' سے مراد اسپیکر اسمبلی ہے۔

3. ہر رکن مندرجہ ذیل تنخواہ اور مراعات کا اہل ہوگا۔

(1) مبلغ 400 روپے ماہانہ بطور تنخواہ اگر کوئی رکن بلا اجازت اسمبلی:

سفری اخراجات
Travelling Allowance and Mileage Allowance

(a) ایک ماہ میں ہونے والے اجلاس کی 3/4 سے کم حاضر رہنے سے قاصر ہو یا

(b) جس ماہ میں منتخب ہو ا ہو اس ماہ جاری اجلاس کے 3/4 تک حاضر رہنے سے قاصر ہو تو

(c) اس ماہ کی تنخواہ لینے کا اہل نہ ہوگا۔

(2) فرائض منصبی کے دوران روزانہ وظیفہ مبلغ 50 روپے فی یوم کے حساب سے ۔

4. ماسوائے اس کے دفعہ 3 کے متضاد نہ ہو ، اگر کوئی رکن رائج الوقت قانون کے تحت بد اخلاقی بدچلنی کے جرم میں سزایاب ہو تو وہ قید والے عرصے کی تنخواہ وصول کرنے کا حقدار نہ ہوگا۔

5. (1) ہر رکن اسمبلی کو دوران فرائض منصبی، درجہ اول کے افسر کے برابر سفری وظیفہ حاصل کرنے کا اہل ہوگا۔

جب کہ دوران اجلاس کراچی اور دیگر مقامات کے

درمیان کئے گئے سفری اخراجات کا کوئی وظیفہ ادا نہیں کیا جائے گا۔
مزید کہ اگر اجلاس 10 یوم کے لئے موخر کردیا جائے تو سفری اخراجات کا وظیفہ قابل ادائیگی ہوگا۔
اور اگر فرائض منصبی کا مقام رکن کی عام رہائش گاہ کے 5 کلومیٹر کے اندر ہو، جہاں اس کی حاضری مطلوب ہو، اس صورت میں سفری اخراجات کا وظیفہ ناقابل ادائیگی ہوگا۔

مفت نقل و حمل بذریعہ ریل
Free Transit by Railway

(2) ماسوائے اس کہ ذیلی دفعہ (1)کے منحرف نہ ہوتو رکن اسمبلی اس کے اہل ہوگا :

علاج معالجے کی سہولت
Medical Facilities

(a) اگر سفر بذریعہ ریل کیا گیا ہو تو رکن کو سفری اخراجات کی مد میں ڈیڑھ گنا کرایہ درجہ اول بمعہ A.C.C سر چارج ،

یکمشت تنخواہ
Consolidated salary

(b) ہوائی جہاز سے سفر کی صورت میں اکانومی کلاس کا کرایہ ،

(c) دوران سفر یومیہ 50 روپے کے حساب سے روزانہ وظیفہ ،

وضاحت: ذیلی دفعہ کی شق (C) کے مقاصد حاصل کرنے کے لئے:

(i) 25 روپے یومیہ وظیفہ برائے آدھا دن۔
(ii) ہر ایک دن کا شمار آدھی رات سے ہوگا۔
(iii) اس کا شمار سفر کے آغاز و اختتام پر اس طرح کیا جائے گا۔

منسوخی
Repeal

(a) 2 گھنٹے سے کم سفر پر کچھ نہیں۔
(b) 2 گھنٹے سے زائد اور 2 گھنٹے سے کم پر آدھا دن شمار ہوگا۔
(c) 2 گھنٹے سے زائد پر مکمل دن شمار ہوگا۔

6. ہر رکن کو ایک ریلوے اجازت نامہ دیا جائے گا جس کے تحت وہ مغربی پاکستان ریلوے کے ذریعے 1500 میل سالانہ مفت نقل وحمل کا اہل ہوگا، اس رعایت کا اثر، اس ایکٹ کے تحت ملنے والے وظیفوں پر نہیں ہوگا۔
7. ہر رکن کے افسر کو ملنے والی تمام طبی سہولیات کا حقدار ہوگا۔
8. کوئی بھی میمبر مالی سال کی آمد کے 30 دن کے اندر یا میمبر منتخب ہونے تک مالی سال شروع ہونے کے 30 دن اندر حلف اٹھانے کی تاریخ سے سیکریٹری کو تحریری طور پر درخواست دے کر مالی سال کی یکمشت تنخواہ لے سکتا ہیں، اور جب وہ ایسا کرے گا

تو دفعہ 3 کے ذیلی دفعہ (1) میں بتائی گئی تنخواہ کے بدلے سیکشن دفعہ 6 اور 7 کے مطابق مراعات اور فوائد حاصل کرے گا اور ماہوار 800 روپے کی تنخواہ بھی لے سکے گا جو ان کے ڈیلی الائونس اور دیگر الائونس کے ساتھ ہوگی، جن کی تفصیل دفعہ ۳ کے ذیلی دفعہ (2) اور دفعہ ۵ میں آتا ہے۔

بشرطیکہ کہ کوئی میمبر یکمشت اپنی تنخواہ اس صورت میں لے جب وہ ریل کے سفر کر رہا ہو، تو سیکشن ۵ کے ذیلی دفعہ (2) کی شق (a) کی روشنی میں فرسٹ کلاس ریلوے کرایہ اور A.C.Cسر چارج اور الائونس لینے کا حقدار ہوگا۔ جب وہ ایئرکنڈیشن کا استعمال کرتا ہوگا۔

9. ارکان سندھ صوبائی اسمبلی (تنخواہ، مراعات اور استحقاق) آرڈر مجریہ 1972 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔

نوٹ: ایکٹ کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔